
سبق-8

# رَسّا کَشی

ایک تھی بِلّی۔ اس کے دو بچّے تھے۔ ایک کا نام سونی اور دوسرے کا ٹونی تھا۔ ایک دن دونوں آنگن میں کھیل رہے تھے۔ وہاں اُنھیں ایک الگنی پڑی مل گئی۔ اِس پر اُن کی ماں کپڑے سُکھایا کرتی تھی۔ پھر کیا تھا! دونوں نے رَسّی کے ایک ایک سِرے کو پکڑا اور رَسّا کَشی کا کھیل شروع کردیا۔



© NCERT not to be republished

سونی اور ٹونی کی ماں نے دونوں کو الگنی سے کھیلتے ہوئے دیکھا تو جلدی سے ان کے پاس گئی۔ وہ چاہتی تھی کہ دونوں کی پٹائی کرے۔ اچانک اس کے دل میں کوئی خیال آیا اور وہ مسکرا کر بولی۔ ’’بس یوں ہی مضبوطی سے رَسّی کو تھامے رکھو!‘‘

سونی اور ٹونی حیران تھے کہ دیکھیں اب ماں کیا کرتی ہے؟ ماں جلدی سے دُھلے ہوئے سب کپڑے اُٹھا لائی اور ایک ایک کرکے الگنی پر لٹکانے لگی۔ پھر ہنس کر بولی ’’اب تم دونوں رَسّی کو اپنی اپنی طرف کھینچو۔ جب تک کپڑے سُوکھ نہ جائیں۔ ہاں! یاد رکھنا اپنی اپنی جگہ سے ہلنا مت۔‘‘



سونی اور ٹونی چِلّا کر بولے ’’مگر امّی اس میں تو بہت دیر لگے گی۔‘‘
ماں نے کہا۔ ’’ہاں! اِسی لیے تو میں نے تم لوگوں کے لیے یہ سزا سوچی ہے تا کہ تم دونوں اتنی دیر تک کوئی نئ شرارت نہ کرسکو۔‘‘

## مشق



### پڑھیے اور سمجھیے۔

رَسّا کَشی : رَسّا کھینچنا، ایک طرح کا کھیل
الگنی : کپڑے سکھانے کی ڈوری



### اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. بِلّی کے بچّوں کے کیا نام تھے؟
2. بچّے کہاں کھیل رہے تھے؟
3. الگنی سے کون سا کھیل شروع کیا؟
4. ماں سونی اور ٹونی سے مسکرا کر کیا بولی؟
5. ماں نے سونی اور ٹونی کو سزا کیوں دی؟

© NCERT not to be republished



## خالی جگہوں میں مناسب لفظ چُن کر لکھیے۔

1. ایک دن سونی اور ٹونی ـــــــ میں کھیل رہے تھے۔
(میدان/آنگن)

2. دونوں نے ـــــــ کا کھیل شروع کردیا۔ (رَسّا کشی/کبڈّی)

3. ان کے دل میں کوئی ـــــــ آیا۔ (خیال/سوال)

4. مگر امّی اس میں تو ـــــــ دیر لگے گی۔ (بہت/کچھ)

5. تاکہ تم دونوں اتنی دیر تک کوئی نئی ـــــــ نہ کرسکو۔
(بات/شرارت)



## حروف کو ملا کر لفظ بنائیے۔


1. ط ر ف = ........................
2. ک پ ڑ ے = ........................
3. ج ل د ی = ........................
4. آ ل گ ن = ........................
5. ا چ ا ن ک = ........................

© NCERT not to be republished



نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔


1. سزا =
2. انگلی =
3. حیران =
4. شرارت =
5. مضبوطی =




تصویروں کو پہچانیے اور ان کے نام لکھیے۔









© NCERT not to be republished



ان میں جو کھیل کے سامان نہیں ہیں اُن پر غلط (×) کا نشان لگائیے۔





اپنی پسند کے چار کھیلوں کے نام لکھیے۔

.1 .......... .2 .......... .3 .......... .4 ..........



مثال دیکھ کر سوچیے اور بتائیے۔

مثال : الگنی کپڑے سکھانے کے کام آتی ہے۔

.1 چٹائی کس کام آتی ہے؟ = ________

.2 کمبل کس کام آتا ہے؟ = ________

.3 ترازو کس کام آتا ہے؟ = ________

© NCERT not to be republished



خوش خط لکھیے۔

| | |
|---|---|
| آنگن | |
| مضبوطی | |
| حیران | |
| کھینچو | |
| شرارت | |

اپنے اُستاد کی موجودگی میں رسّا کشی کا کھیل کھیلیے۔

© NCERT not to be republished